فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: جولائی۔اگست 2026ء شمارہ نمبر: 184 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16

فیسکو نیوز

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ہیڈ کوارٹرز میں یوم آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد



یوم آزادی کے روز ہمیں کلمہ شکر ادا کرنا چاہیئے
کہ ہم ایک آزاد اور باوقار ملک کے باسی ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی زیر قیادت یوم استحصال کشمیر
کے حوالے سے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد

فیسکو افسران و ملازمین کشمیری عوام کے ساتھ اپنی
مکمل اخلاقی حمایت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں





فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) لمیٹڈ

فیسکو نیوز

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

فیسکو نیوز

ایڈیشن: جولائی۔اگست 2026ء شمارہ نمبر: 184 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

انجینئر محمد عامر

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

فرخ آفتاب

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

محمد سعید رضا

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو

ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



محمد شفیق



ایوب احمد

فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر

شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد

Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

عرض مدیر

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے مالی سال 26-2025 کے دوران وزارت توانائی پاور ڈویژن اور نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے مقرر کردہ لائن لاسز، اے ٹی اینڈ سی لاسز اور ریکوری سمیت تمام اہم اہداف کامیابی سے حاصل کرتے ہوئے بجلی کی تقسیم اور مالی نظم ونسق کے شعبوں میں ریکارڈ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ فیسکو نے لائن لاسز اور اے ٹی اینڈ سی لاسز میں نمایاں کمی کے ساتھ سو فیصد سے زائد ریکوری حاصل کی، جبکہ اضافی آمدن کے ذریعے ادارے کی مالی پوزیشن کو بھی مزید مستحکم بنایا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں فیسکو نے نیپرا کی جانب سے مقرر کردہ 8.03 فیصد لائن لاسز کے ہدف کے مقابلے میں 7.87 فیصد لائن لاسز کر کے مقررہ ہدف کامیابی سے پورا کیا۔ مزید برآں گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں لائن لاسز میں 1.02 فیصد کی نمایاں کمی ریکارڈ کی جو بہترین آپریشنل حکمت عملی اور لائن لاسز کی روک تھام کے لیے کیے گئے عملی اقدامات کا واضح ثبوت ہے۔ اسی طرح AT&C لاسز کو 8.55 فیصد سے کم کر کے 7.51 فیصد کی سطح تک لایا گیا جس کے نتیجے میں 1.04 فیصد کی ریکارڈ کمی ہوئی۔ یہ کامیابی ادارے کی انتظامی صلاحیت، بجلی چوری کی روک تھام، تقسیمی نظام میں بہتری اور ریکوری کے مربوط اقدامات کی عکاس ہے۔ ریکوری کے شعبے میں بھی فیسکو نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 100.39 فیصد پروگریسو ریکوری حاصل کر کے نیپرا کا مقررہ ہدف کامیابی سے پورا کیا، جبکہ 108.59 فیصد ماہانہ ریکوری حاصل کر کے ایک اور اہم سنگ میل عبور کیا۔ یہ شاندار نتائج اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ فیسکو نے صارفین کی شکایات کے بروقت ازالے، مؤثر بلنگ، واجبات کی وصولی اور مالیاتی نظم وضبط کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا۔ مالی نظم ونسق کے میدان میں بھی فیسکو نے قابل تحسین کامیابی حاصل کرتے ہوئے مجموعی طور پر 3 ارب روپے کی اضافی آمدن حاصل کی جس سے نہ صرف ادارے کی مالی پوزیشن مزید مستحکم ہوئی بلکہ سرکلر ڈیٹ میں بھی نمایاں کمی لانے میں اہم کردار ادا کیا گیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عامر نے امید ظاہر کی کہ فیسکو کی پوری ٹیم آئندہ بھی اسی جذبے، دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ خدمات انجام دیتے ہوئے ادارے کو مزید کامیابیوں سے ہمکنار کرے گی اور قومی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کرتی رہے گی۔

اس شمارے میں

04 اسلامک فنانس تحریر: حافظ شہزاد انور، ایڈیشنل ڈائریکٹر 118
05 فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کا مالی سال 26-2025 کے دوران ریکارڈ کارکردگی کا مظاہرہ
06 چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی زیر قیادت یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد
08 فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ہیڈ کوارٹرز میں پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد
11 چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کا چیف انجینئر ہیڈ کوارٹرز فیسکو انجینئر مبشر حیات راؤ کی الوداعی تقریب کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب
12 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت: چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان کا فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز کا دورہ
13 ڈی جی (ایڈمن) فیسکو فرخ آفتاب کی ہدایت پر فیسکو ایڈمنسٹریشن ملازمین کی فلاح و بہبود اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے
14 چیف انجینئر (ٹی ایس) انجینئر فیصل رضا مارتھ کی زیر نگرانی مالی سال 26-2025 میں پروکیورمنٹ سرگرمیوں کو انتہائی مؤثر انداز میں مکمل کیا گیا
15 فرقان فہد نور لائن سپرنٹنڈنٹ کا اعزاز، جونیئر انجینئر سکیل 17 کیلئے ہونے امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی
15 فیسکو کے تین آفیشلز کا حجاج کرام کی خدمت/معاونت کا منفرد اعزاز
15 شوکاز نوٹس برائے کارروائی



تحریر: حافظ شہزاد انور
ایڈیشنل ڈائریکٹر 118

اسلامک فنانس

آج کے دور میں مالی معاملات ہماری روزمرہ زندگی کا لازمی حصہ بن چکے ہیں۔ بینکاری، سرمایہ کاری، کاروبار اور فنانسنگ کے مختلف ذرائع نے مالی ضروریات کو پورا کرنا آسان بنا دیا ہے، تاہم ایک مسلمان کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے مالی معاملات میں حلال وحرام کی تمیز کو ملحوظِ خاطر رکھے۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اور اس نے مالی معاملات کے حوالے سے بھی واضح اصول وضع کیے ہیں۔ اسی ضرورت کے پیشِ نظر اسلامک فنانس (Islamic Finance) ایک ایسا مالیاتی نظام ہے جو شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری، تجارت اور فنانسنگ کے طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔

اسلامک فنانس کے بنیادی اصول 1۔ ربا (Interest) کی ممانعت 2۔ حرام کاروباری سرگرمیوں میں سرمایہ کاری کی ممانعت 3۔ غرر (Gharar) اور غیر ضروری غیر یقینی صورتحال سے اجتناب 4۔ نفع ونقصان میں شراکت 5۔ حقیقی اثاثوں اور معاشی سرگرمیوں سے تعلق

اسلامک فنانس کی اقسام

1۔ Murabaha مرابحہ مرابحہ بنیادی طور پر خرید وفروخت کا ایک شرعی طریقہ ہے، نہ کہ شراکت داری۔ اس طریقے میں اسلامی بینک یا مالیاتی ادارہ پہلے مطلوبہ اثاثہ یا چیز خود خریدتا ہے اور پھر اسے صارف کو ایک معلوم لاگت اور متفقہ منافع کے ساتھ فروخت کرتا ہے۔ فروخت کی کل قیمت اور ادائیگی کی شرائط پہلے سے واضح ہوتی ہیں۔ مثلاً اگر بینک کوئی اثاثہ 100 ڈالر میں خریدتا ہے اور اسے صارف کو 120 ڈالر میں فروخت کرتا ہے، تو 120 ڈالر کی فروختی قیمت پہلے سے طے کی جاسکتی ہے، بشرطیکہ مرابحہ کی شرعی شرائط پوری کی جائیں۔ صارف یہ رقم فوری طور پر یا باہمی طے شدہ مدت کے مطابق اقساط میں ادا کرسکتا ہے۔ مرابحہ میں ضروری ہے کہ بینک حقیقی طور پر اثاثہ خریدے اور اس کی ملکیت ومتعلقہ رسک ایک مرحلے پر اپنے ذمہ لے، اس کے بعد صارف کو فروخت کرے۔

2۔ Musharaka مشارکہ مشارکہ شراکت داری کا ایک اسلامی طریقہ ہے جس میں دو یا دو سے زیادہ فریق سرمایہ فراہم کرتے ہیں اور کاروبار میں شریک ہوتے ہیں۔ مشارکہ میں منافع کا تناسب فریقین باہمی رضامندی سے پہلے سے طے کرسکتے ہیں، تاہم نقصان اصولاً ہر شریک کے سرمایہ کے تناسب سے برداشت کیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر ایک شریک کاروبار میں 60 فیصد سرمایہ لگاتا ہے اور دوسرا 40 فیصد، تو نقصان کی صورت میں نقصان کا بوجھ بھی اسی تناسب سے تقسیم ہوگا۔ مشارکہ کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں حقیقی کاروباری شراکت، سرمایہ اور رسک کا عنصر موجود ہوتا ہے۔

3۔ Sukuk صکوک صکوک کو عام طور پر اسلامی مالیاتی سرٹیفکیٹس کہا جاتا ہے۔ روایتی بانڈز کے برعکس صکوک کی ساخت شریعت کے اصولوں کے مطابق کی جاتی ہے اور ان کا تعلق کسی حقیقی اثاثے، منصوبے یا قابلِ قبول معاشی سرگرمی سے ہوسکتا ہے۔ صکوک میں سرمایہ کار صرف قرض دینے والے کی حیثیت نہیں رکھتا بلکہ صکوک کی ساخت کے مطابق متعلقہ اثاثے یا منصوبے میں متناسب ملکیتی حق یا معاشی مفاد حاصل کرسکتا ہے۔ اس سے حاصل ہونے والی آمدنی بھی صکوک کی مخصوص ساخت اور بنیادی اثاثے یا منصوبے سے منسلک ہوتی ہے۔ صکوک کی مختلف اقسام موجود ہیں، اس لیے ہر صکوک کی شرعی ساخت، حقوق اور رسک الگ ہوسکتے ہیں۔

4۔ Ijarah اجارہ اجارہ ایک لیزنگ (Leasing) کا شرعی طریقہ ہے۔ اس میں اسلامی بینک یا مالیاتی ادارہ کوئی اثاثہ، مثلاً گاڑی، مشینری یا جائیداد، خرید کر صارف کو ایک متفقہ مدت کے لیے استعمال کرنے کا حق دیتا ہے اور اس کے بدلے کرایہ (Rental) وصول کرتا ہے۔ اجارہ میں اثاثے کی ملکیت اور استعمال کا حق الگ ہوسکتے ہیں۔ شرعی اصولوں کے مطابق ملکیت سے متعلق بنیادی ذمہ داریاں اور رسک مالک کے ذمہ ہوتے ہیں، جبکہ صارف طے شدہ شرائط کے مطابق اثاثے کے استعمال کا کرایہ ادا کرتا ہے۔

5۔ Mudaraba مضاربہ مضاربہ ایک شراکت داری کا طریقہ ہے جس میں ایک فریق سرمایہ فراہم کرتا ہے، جسے رب المال (Mal-ul-Rabb) کہا جاتا ہے، جبکہ دوسرا فریق اپنی محنت، مہارت اور کاروباری صلاحیت فراہم کرتا ہے، جسے مضارب (Mudarib) کہا جاتا ہے۔ مضاربہ میں منافع کا تناسب پہلے سے طے کیا جاتا ہے، مثلاً 60 فیصد سرمایہ فراہم کرنے والے کا اور 40 فیصد کاروبار چلانے والے کا۔ عام کاروباری نقصان کی صورت میں مالی نقصان سرمایہ فراہم کرنے والا برداشت کرتا ہے، جبکہ مضارب کی محنت ضائع ہوتی ہے، بشرطیکہ نقصان مضارب کی غفلت، بددیانتی یا معاہدے کی خلاف ورزی کے باعث نہ ہوا ہو۔ مضاربہ میں سرمایہ فراہم کرنے والا اور کاروبار چلانے والا اپنی اپنی ذمہ داریوں کے مطابق کام کرتے ہیں اور معاہدے کی شرائط کے مطابق کاروبار کو آگے بڑھاتے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی زیر قیادت فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کا مالی سال 26-2025 کے دوران ریکارڈ کارکردگی کا مظاہرہ

فیسکو نے نیپرا کی جانب سے مقرر کردہ 8.03 فیصد لائن لاسز کے ہدف کے مقابلے میں 7.87 فیصد لائن لاسز کر کے ریکارڈ کامیابی حاصل کی



انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 100.39 فیصد پروگریسو ریکوری حاصل کر کے نیپرا کا مقررہ ہدف کامیابی سے پورا کیا

مالی نظم ونسق کے میدان میں بھی فیسکو نے قابل تحسین کامیابی حاصل کرتے ہوئے مجموعی طور پر 3 ارب روپے کی اضافی آمدن حاصل کی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے مالی سال 26-2025 کے دوران وزارت توانائی پاور ڈویژن اور نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے مقرر کردہ لائن لاسز، اے ٹی اینڈ سی لاسز اور ریکوری سمیت تمام اہم اہداف کامیابی سے حاصل کرتے ہوئے بجلی کی تقسیم اور مالی نظم ونسق کے شعبوں میں ریکارڈ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ فیسکو نے لائن لاسز اور اے ٹی اینڈ سی لاسز میں نمایاں کمی کے ساتھ سو فیصد سے زائد ریکوری حاصل کی، جبکہ اضافی آمدن کے ذریعے ادارے کی مالی پوزیشن کو بھی مزید مستحکم بنایا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں فیسکو نے نیپرا کی جانب سے مقرر کردہ 8.03 فیصد لائن لاسز کے ہدف کے مقابلے میں 7.87 فیصد لائن لاسز کر کے مقررہ ہدف کامیابی سے پورا کیا۔ مزید برآں گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں لائن لاسز میں 1.02 فیصد کی نمایاں کمی ریکارڈ کی جو بہترین آپریشنل حکمت عملی اور لائن لاسز کی روک تھام کے لیے کیے گئے عملی اقدامات کا واضح ثبوت ہے۔ اسی طرح AT&C لاسز کو 8.55 فیصد سے کم کر کے 7.51 فیصد کی سطح تک لایا گیا جس کے نتیجے میں 1.04 فیصد کی ریکارڈ کمی ہوئی۔ یہ کامیابی ادارے کی انتظامی صلاحیت، بجلی چوری کی روک تھام، تقسیمی نظام میں بہتری اور ریکوری کے مربوط اقدامات کی عکاس ہے۔ ریکوری کے شعبے میں بھی فیسکو نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 100.39 فیصد پروگریسو ریکوری حاصل کر کے نیپرا کا مقررہ ہدف کامیابی سے پورا کیا، جبکہ 108.59 فیصد ماہانہ ریکوری حاصل کر کے ایک اور اہم سنگ میل عبور کیا۔ یہ شاندار نتائج اس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ فیسکو نے صارفین کی شکایات کے بروقت ازالے، مؤثر بلنگ، واجبات کی وصولی اور مالیاتی نظم وضبط کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا۔ مالی نظم ونسق کے میدان میں بھی فیسکو نے قابل تحسین کامیابی حاصل کرتے ہوئے مجموعی طور پر 3 ارب روپے کی اضافی آمدن حاصل کی جس سے نہ صرف ادارے کی مالی پوزیشن مزید مستحکم ہوئی بلکہ سرکلر ڈیٹ میں بھی نمایاں کمی لانے میں اہم کردار ادا کیا گیا۔ یہ کامیابی قومی معیشت اور توانائی کے شعبے کے استحکام کے لیے بھی ایک مثبت پیش ثابت ہو گی۔ شاندار کارکردگی دکھانے پر فیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عامر نے فیسکو کی پوری مینجمنٹ، تمام چیف انجینئرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئرز، افسران، ملازمین اور فیلڈ اسٹاف کو دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابیاں اجتماعی ٹیم ورک، پیشہ ورانہ صلاحیت، شفاف انتظامی پالیسیوں، مؤثر نگرانی اور تمام ملازمین کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو کی اولین ترجیح صارفین کو معیاری، محفوظ اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی، بجلی کے نقصانات میں مزید کمی، ریکوری میں مسلسل بہتری اور ادارے کی مالی کارکردگی کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مالی سال 27-2026 میں بھی فیسکو اپنی بہترین روایات کو برقرار رکھتے ہوئے نیپرا کی طرف سے دیئے گئے اہداف حاصل کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عامر نے امید ظاہر کی کہ فیسکو کی پوری ٹیم آئندہ بھی اسی جذبے، دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ خدمات انجام دیتے ہوئے ادارے کو مزید کامیابیوں سے ہمکنار کرے گی اور قومی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کرتی رہے گی۔

5 اگست یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد

فیسکو افسران و ملازمین کشمیری عوام کے ساتھ اپنی مکمل اخلاقی حمایت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

یوم استحصال کشمیر ہمیں امن، انصاف، انسانی وقار اور بنیادی انسانی حقوق کی اہمیت کا احساس دلاتا ہے

پاکستان ہمیشہ امن، انصاف، انسانی ہمدردی اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری پر یقین رکھتا ہے

یہ ریلی صرف ایک علامتی تقریب نہیں بلکہ اس بات کا اظہار ہے کہ پاکستانی قوم کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کا یوم استحصال کشمیر کے موقع پر فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے منعقدہ ریلی سے خطاب

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں فیسکو کے چیف انجینئرز، ڈائریکٹر جنرلز، ڈائریکٹرز، دیگر افسران اور ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں امن، انصاف، انسانی وقار اور بنیادی انسانی حقوق کی اہمیت کا احساس دلاتا ہے اور یہ کہ امن، انصاف اور بنیادی انسانی حقوق کی اہمیت ہر دور میں مسلمہ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے جب بھارت نے آرٹیکل 370 اور 35-A کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا اصولی مؤقف ہے کہ جموں و کشمیر ایک



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر 5 اگست کو یوم استحصال کشمیر کے موقع پر فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کیلئے نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

متنازع مسئلہ ہے جس کا حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو کے افسران اور ملازمین کشمیری عوام کے ساتھ اپنی مکمل اخلاقی حمایت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان ہمیشہ امن، انصاف، انسانی ہمدردی اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری پر یقین رکھتا ہے اور تمام تنازعات کے پرامن حل کے لیے مذاکرات کو ہی بہترین راستہ سمجھتا ہے۔ انجینئر محمد عامر نے کہا کہ آج کی ریلی صرف ایک علامتی تقریب نہیں بلکہ اس بات کا اظہار ہے کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ کشمیری عوام کو امن، تحفظ، عزت، ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے اور جنوبی ایشیا میں پائیدار امن، استحکام اور باہمی احترام کی فضا قائم ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی یکجہتی اور اجتماعی

کشمیر پاکستان کی شہ رگ



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر یوم استحصال کشمیر ریلی سے قبل فیسکو افسران و ملازمین کے ہمراہ پرچم کشائی کر رہے ہیں

شعور ہی کسی بھی قوم کی اصل طاقت ہوتے ہیں۔ فیسکو کا ہر افسر اور ملازم قومی اہمیت کے معاملات میں ذمہ داری، نظم و ضبط اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ ریلی سے قبل چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے تمام فیسکو افسران و ملازمین کے ساتھ مل کر پرچم کشائی بھی کی۔ ریلی میں شریک چیف انجینئرز، ڈائریکٹر جنرلز، ڈائریکٹرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز، افسران اور ملازمین نے قومی پرچم اور کشمیر کے حق میں بینرز اٹھا رکھے تھے۔ شرکاء نے کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے پاکستان اور کشمیر کے حق میں نعرے لگائے اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی منصفانہ جدوجہد کے ساتھ کھڑی ہے۔ تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے ریلی میں شرکت کرنے والے تمام افسران اور ملازمین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ ان کی ریلی میں بھرپور شرکت قومی یکجہتی، ادارہ جاتی نظم و ضبط اور قومی ذمہ داری کے جذبے کی عکاس ہے۔ بعد ازاں ملکی سلامتی، استحکام، ترقی، کشمیری عوام کے امن و تحفظ اور جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے قیام کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر یوم استحصال کشمیر کے موقع پر منعقدہ سیمینار میں فیسکو افسران سے خطاب کر رہے ہیں

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

FESCO News Online

For feedback & Suggestions
041-9220282, 0345-1500680
fescopublicrelations@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ہیڈ کوارٹرز میں یوم آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد

یوم آزادی کے روز ہمیں کلمہ شکر ادا کرنا چاہیئے کہ ہم ایک آزاد اور باوقار ملک کے باسی ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

ہم آج کے دن اُن شہدائے آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنا کل ہمارے آج کیلئے قربان کر دیا

ہمارے بزرگوں نے لازوال قربانیوں اور غلامی کی زنجیروں کو توڑ کر پاکستان کو دنیا کے نقشے پر ایک الگ اسلامی نظریاتی مملکت کے طور پر حاصل کیا

بحیثیت قوم ہمیں انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر پاکستان کو عظیم تر بنانے کا عہد کرنا چاہیئے

فیسکو کے شہداء کی قربانیوں کو بھی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا جن کی زندگیوں کے چراغ صارفین کے گھروں کو روشن کرتے ہوئے بجھ گئے

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ یوم آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب میں افسران و ملازمین کے اجتماع سے خطاب





فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ہیڈ کوارٹرز میں یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج یوم آزادی کے روز ہمیں کلمہ شکر ادا کرنا چاہیئے کہ ہم ایک آزاد اور باوقار ملک کے باسی ہیں جہاں ہم اپنے تمام تر مذہبی عقائد کے ساتھ آزاد زندگی گزار رہے ہیں۔ ہمارے بزرگوں نے آزادی خاردار راہوں سے گزر کر حاصل کی، انہیں اپنے لہو سے آزادی کے نعرے لکھنے پڑے،

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں یوم پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ جشن آزادی کی تقریب کے دوران پرچم کشائی کے بعد غبارے فضا میں چھوڑ رہے ہیں

عزت، جان و مال اور آبرو کی قربانیاں دینا پڑیں تب جا کر غلامی کی زنجیروں کو جہد مسلسل کے بعد توڑنے میں کامیاب ہوئے اور پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک الگ اسلامی نظریاتی مملکت کے طور پر ابھرا۔ ہم آج کے دن اُن شہدائے آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنا کل ہمارے آج کیلئے قربان کر دیا۔ اُن کی قربانیوں کا قرض ہم صرف اسی صورت میں ادا کر سکتے ہیں کہ ہم ان کے خوابوں کے مطابق ایک ترقی یافتہ، پرامن، اور خود کفیل پاکستان کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بحیثیت قوم ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیئے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اپنے ملک پاکستان کو عظیم تر بنائیں گے اور اقوام عالم میں اسے نمایاں مقام دلائیں گے۔ ہمیں ہر قسم کے حالات، مصیبتوں اور درپیش پریشانیوں کا اجتماعی طور پر سامنا کرنا ہوگا کیونکہ ہم زندہ قوم ہیں اور قوموں پر جب مصیبت اور آزمائش آتی ہے تو وہ مل جل کر اس کا مقابلہ کرتی ہیں۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے مزید کہا کہ آج ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ ہم اپنی ذمہ داریوں کو دیانتداری سے نبھائیں گے اور پاکستان کو توانائی، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھیں گے۔ انہوں نے اس موقع پر فیسکو کے شہداء کو بھی



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں یوم آزادی کے سلسلے میں منعقدہ جشن آزادی کی تقریب کے دوران فیسکو افسران کے ہمراہ جشن آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں، دوسری طرف وہ بچوں میں مٹھائی تقسیم کر رہے ہیں

زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ان کی قربانیوں کو بھی فیسکو کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا جن کی زندگیوں کے چراغ صارفین کے گھروں کو روشن کرتے ہوئے بجھ گئے۔ انھوں نے کہا کہ وطن عزیز کے موجودہ حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ ہم اپنی تمام تر بہتری صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے ملک اور قوم کیلئے کام کریں کیونکہ وطن کی ترقی سے ہی ہمارا مستقبل اور نسل نو کا مستقبل وابستہ ہے۔ آج کے اس لازوال قربانیوں کے دن کی مناسبت سے تمام فیسکو افسران و ملازمین بھی کمپنی کی بہتری اور اسے ترقی کی مزید منازل تک پہنچانے کیلئے مزید محنت اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں۔ ادارے مضبوط ہوں ہوگے تو ملک ترقی کرے گا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے ڈی جی ایڈمن فرخ آفتاب اوران کی ٹیم کو کامیاب تقریب کے انعقاد پر مبارکباد دی۔ قبل ازیں تقریب کے تمام شرکاء نے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں پرچم کشائی کی، قومی ترانہ پڑھا اور جشن آزادی کا کیک کاٹا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے اس موقع پر تقریب میں موجود بچوں میں مٹھائی اور تحائف تقسیم کئے۔ تقریب میں فیسکو کے جنرل منیجرز، چیف انجینئرز، ڈائریکٹر جنرلز، ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز، دیگر فیسکو افسران کے علاوہ فیسکو ملازمین اور بچوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ فیسکو ہیڈ کوارٹرز، سرکل اور ڈویژن دفاتر سمیت گرڈ سٹیشنوں کی بلڈنگز پر جشن آزادی کے حوالے سے خصوصی چراغاں کیا گیا اور فیسکو کے تمام سرکلز میں پرچم کشائی کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔



فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ جشن آزادی کی تقریب کے دوران فیسکو افسران تقریب میں شریک ہیں



مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفہ ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

انجینئر مبشر حیات راؤ فیسکو کے انتہائی قابل، تجربہ کار اور باصلاحیت افسر تھے جنہوں نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے محکمہ اور صارفین دونوں کو فائدہ پہنچایا

دوران ملازمت انہیں جو بھی ذمہ داریاں سونپی گئیں انہوں نے احسن انداز میں نبھایا، مقررہ اہداف حاصل کیے اور بہترین نتائج فراہم کیے

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کا چیف انجینئر ہیڈ کوارٹرز فیسکو انجینئر مبشر حیات راؤ کی الوداعی تقریب کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب

چیف انجینئر ہیڈ کوارٹرز فیسکو انجینئر مبشر حیات راؤ اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے۔ ان اعزاز میں فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں فیسکو کے اعلیٰ افسران اور انتظامی عہدیداران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے اپنے خطاب میں انجینئر مبشر حیات راؤ کی محکمانہ خدمات کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ فیسکو کے انتہائی قابل، تجربہ کار اور باصلاحیت افسر تھے جنہوں نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی کے ہر مرحلے پر ذمہ داری، دیانت داری، محنت اور خلوص کو اپنا شعار بنایا۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر مبشر حیات راؤ اپنی تکنیکی مہارت، انتظامی صلاحیتوں اور بروقت فیصلوں کی بدولت ادارے کا ایک قیمتی اثاثہ رہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفہ ہے۔ دوران ملازمت انجینئر مبشر حیات راؤ کو جو بھی ذمہ داریاں سونپی گئیں انہوں نے انہیں نہایت احسن انداز میں نبھایا، مقررہ اہداف حاصل کیے اور بہترین نتائج فراہم کیے۔ تقریب میں جنرل منیجر ٹیکنیکل میاں محمد رفیق، جنرل منیجر آپریشن عمر حیات گوندل، جنرل منیجر (کمرشل اینڈ کسٹمر سروسز) میڈم صدف ناز، چیف انجینئر آپریشن محمد منور خان، چیف انجینئر (ٹی ایس) فیصل رضا مارتھ، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ وقاص بیگ، چیف فنانشل آفیسر نذیر احمد، ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب، ڈی جی (آئی ٹی) امداد اللہ، چیف لیگل آفیسر تیمور متین خان، کمپنی سیکرٹری مظفر عباس، ڈائریکٹر (او ڈی) محمود احمد، ڈائریکٹر سی ایم یو عبدالحفیظ ندیم، ایس ای (ایم اینڈ ٹی) ندیم اکبر کاہلوں، ڈپٹی ڈائریکٹر اے اینڈ ایس فراز احمد، اسٹاف آفیسر



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر ریٹائرڈ ہونے والے چیف انجینئر فیسکو مبشر حیات راؤ کو الوداعی تقریب کے دوران فیسکو کی جانب سے یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

راؤز بیر سمیت دیگر افسران اور ملازمین نے شرکت کی اور انہیں باعزت ریٹائرمنٹ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی آئندہ زندگی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ریٹائرڈ ہونیوالے چیف انجینئر ہیڈ کوارٹرز فیسکو انجینئر مبشر حیات راؤ نے چیف ایگزیکٹو انجینئر محمد عامر اور تمام افسران کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اپنی پوری ملازمت کے دوران اعلیٰ افسران، ساتھیوں اور ماتحت عملے کا بھرپور تعاون حاصل رہا جبکہ ان کی تمام کامیابیاں ٹیم ورک، باہمی اعتماد اور اجتماعی کاوشوں کا نتیجہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ ادارے، ملازمین اور صارفین کے مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور اخلاص کے ساتھ انجام دیں۔ تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور دیگر اعلیٰ افسران نے انجینئر مبشر حیات راؤ کو ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں فیسکو کی جانب سے یادگاری شیلڈ، تحائف اور ریٹائرمنٹ واجبات کا چیک پیش کیا۔

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت: چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان کا فیسکو کے چھ آپریشن سرکلز کا دورہ

صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی فیسکو کی اولین ترجیح ہے

چیف انجینئر آپریشن
محمد منور خان

ایچ ٹی اور ایل ٹی پولز کی ارتھنگ ترجیحی بنیادوں پر کی جائے تاکہ حادثات کی روک تھام اور صارفین و فیسکو ملازمین کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے

صارفین کی خدمت کو اپنا شعار بناتے ہوئے ان کو درپیش مسائل اور شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر فوری اور مؤثر ازالہ یقینی بنایا جائے

ایل ٹی پروپوزلز کی تیاری کے ساتھ ساتھ چین اگمنٹیشن کے تحت ٹرانسفارمرز کو تبدیل کیا جارہا ہے تاکہ بجلی کے نظام پر غیر ضروری دباؤ کم کیا جاسکے

فیڈرز کی خصوصی مانیٹرنگ کی جائے، لائن لاسز میں کمی کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان نے فیسکو فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل کا دورہ کیا اور تمام سرکلز کی مجموعی کارکردگی، بجلی کی فراہمی، لائن لاسز، ٹرانسفارمرز کی صورتحال اور صارفین کی شکایات کے ازالے سمیت مختلف آپریشنل امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ چیف انجینئر آپریشن محمد منور خان نے افسران اور ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی فیسکو کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ صارفین کی خدمت کو اپنا شعار بناتے ہوئے صارفین کو درپیش مسائل اور شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر فوری اور مؤثر ازالہ یقینی بنایا جائے تاکہ فیسکو کا تشخص ایک صارف دوست ادارے کے طور پر مزید مستحکم ہو۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ایچ ٹی اور ایل ٹی پولز کی ارتھنگ کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ بجلی کے حادثات کی روک تھام اور صارفین و فیسکو ملازمین کی حفاظت کو یقینی بنایا جاسکے۔ انھوں نے خراب ٹرانسفارمرز کو فیلڈ میں رکھنے کے بجائے فوری طور پر فیسکو سٹورز میں شفٹ کرنے، ٹرانسفارمرز کے ایچ ٹی / ایل ٹی جمپرز کو درست حالت میں رکھنے اور تکنیکی نقائص کو بروقت دور کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ چیف انجینئر آپریشن نے اوور لوڈڈ ٹرانسفارمرز کے حوالے سے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایسے ٹرانسفارمرز کی بروقت نشاندہی کی جائے اور ایل ٹی پروپوزلز کی تیاری کے ساتھ ساتھ چین اگمنٹیشن کے تحت ٹرانسفارمرز کو تبدیل کیا جائے تاکہ بجلی کے نظام پر غیر ضروری دباؤ کم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ فیسکو سٹورز میں تمام کیٹگریز کے ٹرانسفارمرز دستیاب ہیں، لہٰذا خراب یا ناکارہ ٹرانسفارمرز کی تبدیلی میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انجینئر محمد منور خان نے ٹیکنیکل لائن لاسز میں مزید کمی کے لیے تمام افسران کو عملی، جامع اور مؤثر حکمت عملی اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ہر ڈویژن اور سب ڈویژن اپنی کارکردگی کا روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لے۔ فیڈرز کی خصوصی مانیٹرنگ کی جائے، لائن لاسز میں کمی کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر فیسکو ایس ای فرسٹ سرکل امیر خان، سیکنڈ سرکل سید سلیم شاہ، جھنگ سرکل محمد افضل کاٹھیا، سرگودھا سرکل ابرار احمد، میانوالی سرکل بلال اقبال اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل عصمت اللہ بھی موجود تھے۔



چیف انجینئر آپریشن فیسکو محمد منور خان فیسکو فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، میانوالی اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سرکل کے دورہ کے موقع پر افسران سے خطاب کررہے ہیں

فیسکو کے ملازمین ادارے کا قیمتی اثاثہ ہیں



ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن) فرخ آفتاب

ملازمین کے جائز مسائل کا بروقت ازالہ، مالی وطبی مشکلات میں معاونت کے لیے ممکنہ اقدامات اولین ترجیح ہے

فیسکو ایڈمنسٹریشن ملازمین کی فلاح و بہبود، مسائل کے بروقت حل اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

فیسکو ملازمین کے ذہین، محنتی اور ہونہار بچوں کی حوصلہ افزائی اور ان کے تعلیمی اخراجات میں کمی کیلئے وظائف بھی فراہم کیے جارہے ہیں

ریٹائرڈ ملازمین اور دورانِ سروس وفات پانے والے ملازمین کے بچوں کی شادی کے لیے میرج گرانٹ کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو ایڈمن ڈائریکٹوریٹ ملازمین کی فلاح و بہبود، ان کے مسائل کے بروقت حل اور انہیں بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ فیسکو کا انتظامی شعبہ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے کہ ملازمین کو ایسا سازگار اور اطمینان بخش ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ ذہنی سکون اور اطمینانِ قلب کے ساتھ اپنے فرائض منصبی انجام دے سکیں۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فرخ آفتاب نے کہا کہ فیسکو کے ملازمین ادارے کا قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی محنت، دیانت داری اور پیشہ ورانہ خدمات ہی ادارے کی ترقی اور کامیابی کی بنیاد ہیں۔ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں ملازمین کے جائز مسائل کا بروقت ازالہ، مالی وطبی مشکلات میں معاونت، ان کے خاندانوں کی فلاح اور ان کے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے ممکنہ اقدامات کرنا شامل ہے۔ ڈی جی (ایڈمن) نے بتایا کہ ریٹائرڈ ملازمین اور دورانِ سروس وفات پانے والے ملازمین کے بچوں کی شادی کے لیے میرج گرانٹ کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اس اقدام کا مقصد ایسے خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کرنا ہے جو اپنے پیاروں کی ریٹائرمنٹ یا وفات کے بعد مالی مشکلات کا سامنا کر رہے ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیسکو ملازمین کے ذہین، محنتی اور ہونہار بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے وظائف بھی فراہم کیے جارہے ہیں تاکہ ان کے تعلیمی اخراجات میں کمی لائی جا سکے۔ ڈائریکٹر جنرل فرخ آفتاب نے کہا کہ فیسکو ملازمین کے میڈیکل کیسز اور طبی واجبات کے حل کو بھی خصوصی ترجیح دی جارہی ہے۔ ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو درپیش طبی مشکلات کے پیش نظر میڈیکل کیسز کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے اور واجب الادا میڈیکل اخراجات کی ادائیگی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو نے ماہ اگست میں ملازمین کے ویلفیئر گرانٹ کے 20، میرج گرانٹ کے 52 اور سکالرشپ کے 16 کیسز نمٹائے۔ ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب نے ملازمین کی فلاح و بہبود سے متعلق امور کی بروقت تکمیل میں کنوینیر مینجمنٹ کمیٹی برائے ویلفیئر گرانٹ ایڈیشنل ڈی جی (سی ایم) میجر (ر) مظفر قادر ملک، ممبر کمیٹی ڈپٹی ڈائریکٹر سی اے ون محمد عرفان، ممبر کمیٹی اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایچ آر) ثناء اللہ کے علاوہ ڈپٹی ڈائریکٹر اے اینڈ ایس فراز احمد، آڈٹ آفیسر محمد شہباز، منیر صمیم اور رانا احمد رضا کی خصوصی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان افسران واہلکاروں کی محنت، لگن، ذمہ داری اور پیشہ ورانہ جذبے کی بدولت ملازمین کے مختلف فلاحی و مالی معاملات کو بروقت نمٹانے اور ادائیگیوں کو یقینی بنانے میں نمایاں مدد مل رہی ہے۔ ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ فیسکو انتظامیہ ملازمین کی فلاح، ان کے خاندانوں کی بہتری اور ان کے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے اپنی کوششیں مزید تیز کرے گی اور ادارے کے وسائل کو شفاف، منظم اور مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے ملازمین کے جائز حقوق کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔



تمام ترقیاتی اور خریداری کے معاملات کو میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق مکمل کیا جا رہا ہے
چیف انجینئر (ٹیکنیکل سروسز) انجینئر فیصل رضا مارتھ

ٹیکنیکل سروسز ونگ فیسکو نے مالی سال 26-2025 کے دوران غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیت، شفافیت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا

انتظامی صلاحیت، بروقت فیصلہ سازی، تکنیکی جانچ اور ٹیم ورک کے باعث پروکیورمنٹ کے معاملات میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہوا

ٹیکنیکل سروسز نے 799 ٹینڈرز کی تکنیکی جانچ اور ایویلیوایشن مقررہ قواعد وضوابط، نیپرا اور پبلک پروکیورمنٹ قوانین کے مطابق مکمل کی

ٹیکنیکل سروسز ڈائریکٹوریٹ مستقبل میں بھی میرٹ پر مبنی اور مؤثر پروکیورمنٹ سسٹم کو مزید مضبوط بناتے ہوئے ادارے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات پر ادارے میں شفافیت اور میرٹ پر مبنی خریداری کے نظام کو فروغ دینے کے ویژن کے تحت فیسکو ٹیکنیکل سروسز ڈائریکٹوریٹ نے چیف انجینئر (ٹیکنیکل سروسز) انجینئر فیصل رضا مارتھ کی زیر نگرانی مالی سال 26-2025 کے دوران ادارے کی تکنیکی اور پروکیورمنٹ سرگرمیوں کو انتہائی مؤثر، شفاف اور بروقت انداز میں مکمل کیا۔ ٹیکنیکل سروسز ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے جاری کردہ سالانہ کارکردگی رپورٹ کے مطابق ٹیکنیکل سروسز ڈائریکٹوریٹ نے مختلف ڈائریکٹوریٹس، دفاتر اور فیلڈ فارمیشنز سے موصول ہونے والے 799 ٹینڈرز کی تکنیکی جانچ اور ایویلیوایشن مقررہ قواعد وضوابط، نیپرا اور پبلک پروکیورمنٹ قوانین کے مطابق مکمل کی۔ رپورٹ کے مطابق چیف انجینئر ڈویلپمنٹ (پی ایم یو) کے 91، پراجیکٹ ڈائریکٹر گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) کے 46، سول ورکس ڈویژن نمبر 1 کے 87، سول ورکس ڈویژن نمبر 2 کے 67، پی ڈی کنسٹرکشن کے 133، میٹریل مینجمنٹ کے 134، ڈائریکٹوریٹ آئی ٹی (ایم آئی ایس) کے 75، چیف انجینئر (پلاننگ اینڈ ڈیزائن) کے 8 جبکہ دیگر متعلقہ دفاتر کے متعدد ٹینڈرز کی بروقت ایویلیوایشن مکمل کی گئی۔ اسی طرح مختلف ترقیاتی منصوبوں سے متعلق 140 تکنیکی ڈرائنگز، روٹ پلانز اور ڈیٹا کی ویٹنگ جبکہ 12 بڈنگ ڈاکیومنٹس کی تکنیکی جانچ بھی مقررہ وقت میں مکمل کی گئی۔ چیف انجینئر (ٹیکنیکل سروسز) انجینئر فیصل رضا مارتھ کے مطابق پورے سال ٹیکنیکل سروسز ونگ ڈائریکٹوریٹ نے اس امر کو یقینی بنایا کہ تمام ٹینڈرنگ کا عمل مکمل شفافیت، میرٹ، قانونی تقاضوں اور پیشہ ورانہ معیار کے مطابق انجام پائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انتظامی صلاحیت، بروقت فیصلہ سازی، تکنیکی جانچ اور ٹیم ورک کے باعث نہ صرف پروکیورمنٹ کے معاملات میں غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہوا بلکہ ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں بھی نمایاں بہتری آئی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹیکنیکل سروسز ڈائریکٹوریٹ مستقبل میں بھی میرٹ پر مبنی اور مؤثر پروکیورمنٹ سسٹم کو مزید مضبوط بناتے ہوئے ادارے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے چیف انجینئر (ٹیکنیکل سروسز) فیصل رضا مارتھ اور ان کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ٹیکنیکل سروسز ونگ نے مالی سال 26-2025 کے دوران غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیت، شفافیت اور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ آئندہ بھی تمام ترقیاتی اور خریداری کے معاملات کو میرٹ، شفافیت، رفتار اور معیار کے اعلیٰ ترین اصولوں کے مطابق مکمل کیا جائے تاکہ ادارے کی کارکردگی میں مزید بہتری آئے اور صارفین کو بہترین خدمات کی فراہمی کا مشن کامیابی سے جاری رکھا جا سکے۔



FESCO News Online

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

For feedback
0419220282
fescopublicrelations@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ عبداللہ پور فیصل آباد

فرقان فہد نور لائن سپرنٹنڈنٹ کا اعزاز



فیسکو سرکل ٹریننگ سنٹر میانوالی کے لائن سپرنٹنڈنٹ ون فرقان فہد نور نے محکمانہ ترقی برائے اپر ٹیکنیکل سبارڈینیٹ سٹاف (UTSS) سے جونیئر انجینئر سکیل 17 کیلئے ہونے امتحان میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ واپڈا ہاؤس لاہور میں منعقد ہونے والے اس امتحان میں پاکستان بھر کی ڈسٹری بیوشن کمپنیوں سے کل 446 ملازمین نے شرکت کی۔ فرقان فہد نور کی اس کامیابی پر افسران اور ساتھیوں نے انہیں دلی مبارکباد دی ہے اور ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

فیسکو کے تین ملازمین کو حجاجِ کرام کی خدمت/معاونت کا منفرد اعزاز حاصل



فیسکو کے تین ملازمین فیصل ہاشمی (اکاؤنٹس اسسٹنٹ)، عبد الحنان (کمرشل اسسٹنٹ) اور حافظ محمد زاہد اقبال (اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری) کو رواں سال وزارتِ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، حکومتِ پاکستان کے تحت معاونینِ حجاج کے طور پر حجاجِ کرام کی خدمت کا منفرد اعزاز حاصل ہوا۔ اس کے ساتھ ساتھ انہیں فریضہ حج ادا کرنے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ یہ فیسکو کے لیے باعثِ فخر اور ایک تاریخی اعزاز ہے کہ ادارے کے تین ملازمین کو بیک وقت حجاجِ کرام کی خدمت جیسے عظیم فریضے کی ادائیگی کا شرف حاصل ہوا۔ ان کی یہ کامیابی نہ صرف انفرادی اعزاز ہے بلکہ پورے فیسکو کے لیے بھی باعثِ مسرت اور فخر ہے، جو ادارے کے ملازمین کے اعلیٰ کردار، خدمتِ خلق اور قومی ذمہ داریوں سے وابستگی کی عکاسی کرتی ہے۔

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) مدینہ ٹاؤن سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے لائن مین سیکنڈ (ہاکی پلیئر) محمد ابرار ولد شہباز احمد آپ مورخہ 13-01-2026 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو لیٹر نمبر 451 بتاریخ 16-03-2026 کے تحت دفتر ہذا میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی لیکن آپ حاضر نہ ہوئے۔ بعد ازاں آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 1174 بتاریخ 16-04-2026 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ اس کے بعد آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 55-953 بتاریخ 14-05-2026 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔ بعد ازاں آپ کو لیٹر نمبر 96-1395 بتاریخ 22-04-2026 اور لیٹر نمبر 3002 بتاریخ 02-06-2026 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) عبداللہ پور ڈویژن فیسکو فیصل آباد

PAKISTAN, SAUDI ARABIA AND TÜRKİYE

HISTORIC

DEFENCE PACT

A UNITED MUSLIM NATION FOR A STRONGER, SAFER AND PROSPEROUS FUTURE!



ONE ALLIANCE. ONE PURPOSE. ONE FUTURE!

DEFENSIVE DETERRENCE

Strengthening collective defence and strategic deterrence for peace and stability.

STRONGER COOPERATION

Enhanced cooperation, mutual trust and stronger bonds for a better tomorrow.

ECONOMIC GROWTH

Promoting trade, investment and development for shared prosperity and sustainable future.

LASTING FRIENDSHIP

Deep-rooted brotherhood bound by faith, trust and a shared commitment to peace.

PAKISTAN, SAUDI ARABIA AND TÜRKİYE –
UNITED FOR PEACE, PROGRESS AND A BETTER TOMORROW!

FAISALABAD ELECTRIC SUPPLY COMPANY (FESCO) LTD.

www.fesco.com.pk /FESCO.Official @FESCO_OFFICIAL 118